امیر تنظیم شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم ڈاکٹر اسرار احمدؒ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

07جولائی2023ء

# پریس ریلیز

## معیشت کو شرعی اصولوں کے مطابق اُستوار کرنا حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے۔ (اعجاز لطیف)

**لاہور(پ ر):** معیشت کو شرعی اصولوں کے مطابق اُستوار کرنا حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے قائم مقام امیر **اعجاز لطیف** نے گورنر سٹیٹ بنک کے اس بیان پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہی کہ شرعی اصولوں کو بنکاری پر زبردستی لاگو نہیں کیا جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کو اسلام کی بنیاد پر قائم کیا گیا اور قائدِ اعظم محمد علی جناح نے 1948ء میں سٹیٹ بنک آف پاکستان کی پشاور برانچ کے افتتاح کے موقع پر دوٹوک الفاظ میں ملک کے معاشی نظام کی سمت کا تعین کرتے ہوئے کہہ دیا تھا کہ اسے اسلامی تعلیمات کے عین مطابق استوار کیا جائے گا۔ پھر یہ کہ آئین پاکستان واشگاف الفاظ میں اعلان کرتا ہے کہ مملکتِ خداداد میں حاکمیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کی ہے اور کوئی قانون سازی قرآن وسنت کے منافی نہیں ہو گی۔ آئین کے آرٹیکل 31 کے تحت یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ مسلمانانِ پاکستان کو انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی اسلام کے بنیادی اصولوں اور اساسی تصورات کے مطابق مرتب کرنے کے لیے تمام سہولتیں فراہم کی جائیں۔ اسی طرح پرنسپلز آف پالیسی کے تحت آرٹیکل 38-F کا تقاضہ ہے کہ ملک کے معاشی نظام سے ربا کو جلد از جلد ختم کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ پون صدی سے ملک سودی قرضوں میں جکڑا ہوا ہے اور ہم مسلسل اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے ساتھ حالتِ جنگ میں ہیں۔ اسلام کے احکامات سے بغاوت کے نتیجہ میں ملک سخت ترین معاشی تنگی و تباہی کا شکار ہو چکا ہے۔ اُنہوں نے سوال کیا کہ ریاستی سطح پر اس سے بڑا جرم کیا ہو سکتا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے سود کے خلاف فیصلہ کو آئے 15 ماہ گزر چکے ہیں لیکن حکومت اور معیشت سے متعلق ریاستی ادارے اس پر رتی بھر عمل درآمد کرنے کو تیار نہیں۔ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط مان کر حاصل کیا گیا سودی قرضہ کبھی پاکستان کی معیشت کو سہارا نہیں دے سکتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملکی معیشت سے سود کی لعنت کو فی الفور ختم کیا جائے۔ ہمیں ملکی معیشت کو بچانے کے لیے آئی ایم ایف اور دیگر عالمی استعماری اداروں کی جکڑ بندی سے نجات حاصل کر کے اِسے خود انحصاری کی بنیاد پر کھڑا کرنا ہو گا۔ حقیقت یہ ہے کہ عدلِ اجتماعی پر مبنی اسلام کے معاشی نظام کو اپنانے سے ہی ملک میں استحکام اور خوشحالی آسکتی ہے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 07 July 2023**

## "It is the constitutional and legal obligation of the government to shape the economy of Pakistan on the basis of the Islamic Shariah."

**Lahore (PR): "It is the constitutional and legal obligation of the government to shape the economy of Pakistan on the basis of the Islamic Shariah."**

This was said by the acting Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Ijaz Latif**, in a statement vehemently condemning the statement of the governor State Bank of Pakistan that the commandments of Shariah would not be forced upon the banking system in Pakistan. The Ameer said that Pakistan was created on the basis of Islam and Quaid e Azam Muhammad Ali Jinnah had clearly given the future direction for the economy of the country affirming that it would be built on the foundations of Islam, while inaugurating the Peshawar Branch of the State Bank of Pakistan in 1948. Moreover, the constitution of the Islamic Republic of Pakistan clearly declares that sovereignty belongs to Allah *(SWT)* alone and no legislation in the country shall be done repugnant to the Qur'an and Sunnah. According to article 31 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, it is the responsibility of the state to take all necessary steps to enable and facilitate the Muslims of Pakistan, individually and collectively, to order their lives in accordance with the fundamental principles and basic concepts of Islam. Furthermore, article 38-F of the constitution, pertaining to the principles of policy, states that riba shall be eradicated from the economic system of the country as soon as possible. The acting Ameer lamented that the country has been shackled by interest-laden loans for 75 years now and we have constantly been in a state of war against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*. It is due to the betrayal of Islam that we are facing a straitened and shattered economy. The acting Ameer emphasized that there can be no greater crime at the state level than to totally disregard the decision against riba given by the Federal Shariat Court and even after 15 months of that verdict the government and state institutions related to the economy appear to have no intention of implementing it. The economy of Pakistan cannot be revived by taking out interest-laden loans from the IMF. It is imperative to completely and immediately eradicate the evil of riba from the country's economy. The fact is that Pakistan needs to be ridded of economic slavery by breaking the shackles of IMF and other international imperial and capitalist institutions and the economy based must be revived on the basis of self-sufficiency. The fact is that we must mould the economy of Pakistan according to the Islamic system of social justice and collective welfare, in order to achieve stability and prosperity.

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**